**13.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آسام میں 47ہزار 800 کروڑ روپئے سے زیادہ کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وہ آج گوہاٹی سے PM کسان سمّان ندھی اسکیم کی 22ویں قسط بھی جاری کریں گی۔

☆ لوک سبھا کی کارروائی اپوزیشن کی طرف سے بہت سے معاملات پر ہنگامے کے سبب، دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

☆ IMD نے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں کل موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ پاکستان نے افغانستان کے کئی صوبوں پر تازہ قومی حملے کئے ہیں۔ جن میں خواتین اور بچوں سمیت بہت سے شہری ہلاک ہوگئے۔

☆ Sensex اور نفٹی میں، مغربی ایشیا کے بحران میں شدت آجانے کے سبب ایک اعشاریہ سات فیصد کی گراوٹ آ گئی۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن میں، سَت وِک رائی راج رَنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی، BASEL میں کوارٹرفائنلز میں کرسچین Kjaer اور Rasmus Kjaer کی ڈنمارک کی جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Assam Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے آسام کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران، وزیر اعظم مودی ریاست میں 47ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Aminul Haque**

وزیر اعظم آج سہ پہر کوکھراجھار پہنچیں گے اور 4ہزار 570 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کیلئے بھومی پوجن کریں گے، سنگِ بنیاد رکھیں اور افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم سڑکوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ

آسام مالا 3.0اور BTC علاقے کیلئے 4فلائی اوور اور دو پُل سمیت 6سڑک پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اس موقعے پر وزیر اعظم کوکھراجھار میں ریل گاڑیوں کی ایک خاص مدّت کے بعد مکمل مرمت اور جانچ کے ورکشاپ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم تین نئی ٹرینوں کامکھیہ–چرلاپلّی امرت بھارت ایکسپریس، گوہاٹی–نیو جلپائی گڑی ایکسپریس اور نارنگی–اگرتلا ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی گوہاٹی جانے سے قبل کوکھراجھار میں ایک جلسۂ عام سے خطاب بھی کریں گے۔

وزیر اعظم گوہاٹی میں تقریباً 19ہزار 680 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کیلئے بھومی پوجن کریں گے، افتتاح کریں گے اور اُنہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔ وزیر اعظم ملک بھر کے 9 کروڑ 30لاکھ سے زیادہ کسانوں کیلئے پی–ایم کسان اسکیم کی 22ویں قسط بھی جاری کریں گے۔

کل وزیر اعظم سِلچر کے مقام پر 23ہزار 550 کروڑ روپے مالیت کے متعدد پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اُنہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔

گوہاٹی سے امین الحق کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

## LS Adjourn

لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کی طرف سے ہنگامے کے سبب دوپہر 2 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اِن معاملات میں LPG کی صورتحال پر مباحثے کی مانگ بھی شامل ہے۔

آج جب ایوان کی کارروائی دن میں 11 بجے شروع ہوئی تو کچھ ہی دیر بعد اِسے معطل کردیا گیا۔ البتہ یہ کارروائی دوپہر 12 بجے پھر شروع ہوئی۔ پریزائڈنگ افسر سندھیا رے نے اپوزیشن ارکان سے زور دے کر کہا کہ وہ ایوان کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رہنے دیں۔ انھوں نے کہا کہ پورا ملک اُن کے رویّے کو دیکھ رہا ہے، جو جمہوریت کے وقار کیلئے نامناسب ہے۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ اپوزیشن رہنما پارلیمنٹ میں نظم وضبط برقرار نہیں رکھ رہے ہیں۔ یہ لوگ کھانے پینے کی چیزیں لاکر کارروائی میں روکاوٹ ڈال رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیوں کا خیال ہے کہ اِس طرح کی ڈرامائی حرکتوں سے وہ لوگوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرسکتے ہیں۔ جناب رجیجو نے یہ بھی کہا کہ کانگریس پارٹیوں کے رویّے میں دن بہ دن گراوٹ آتی جارہی ہے۔

**S/B Kiren Rijiju**

اِس سے پہلے جب دن میں 11 بجے ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے وقفۂ سوالات شروع کرنے کی کوشش کی لیکن اپوزیشن ارکان نے اپنے معاملات اٹھانے شروع کردیئے۔

جناب برلا نے کہا کہ وقفۂ سوالات ایک اہم وقت ہوتا ہے جس میں ارکان، قومی اور علاقائی معاملات پر بات کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کچھ ارکان، رخنہ اندازی کر رہے ہیں جو پارلیمنٹ کے وقار کیلئے سازگار نہیں ہے۔ جناب برلا نے کہا کہ ایوان کے تقدس کو ہر حال میں برقرار رکھا جانا چاہیئے، خواہ وہ پارلیمنٹ کے اندر ہو یا باہر۔

**S/B OM Birla**

## RS Ashwini Vaishnaw

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارتی ریلویز کے 24 ڈویژنوں میں وقت پر پہنچنے سے متعلق کارکردگی 99 فیصد سے زیادہ ریکارڈ کی گئی اور مجموعی طور پر 77 فیصد تک ریل گاڑیاں اپنے وقت پر پہنچیں۔

راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ ریلویز نے اپنے وسیع نیٹ ورک کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ IT پر مبنی نظام، AI پر مبنی تجزیوں سمیت جدید تکنیکی آلات نصب کیے گئے ہیں تاکہ ٹرینوں کے اوقات میں بنیادی معاملات کی نشاندہی اور اُنہیں حل کیا جاسکے۔ انہوں نے اِن ڈویژنوں میں مدورائی، جودھپور، بھاؤنگر، کوٹہ، عزت نگر اور اجمیر کا ذکر کیا، جن کی وقت پر پہنچنے کی سطح بہت زیادہ بہتر دکھائی گئی ہے۔ x

## LPG and Petroleum

مرکزی حکومت کے ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے جاری کی گئی ہدایات کے بعد سپلائی محکمے نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کھانا پکانے کی گیس اور پیٹرول و ڈیزل جیسی پیٹرولیم مصنوعات کا کفایت شعاری اور مناسب طور پر استعمال کریں۔ ایک بیان میں محکمے نے پیٹرولیم وقدرتی گیس کی وزارت کے ایک نوٹیفکیشن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کافی مقدار میں ذخیرے کے ساتھ کھانا پکانے کی گیس، پیٹرول اور ڈیزل کا مناسب اسٹاک برقرار رکھے ہوئے ہے۔ البتہ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ مشرق وسطی میں جاری جنگ کی وجہ سے وہاں کی صورتحال غیر مستحکم ہے۔اس غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر سپلائی محکمے نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کھانا پکانے کی گیس کا کفایت شعاری سے استعمال کریں تاکہ مستقبل میں سپلائی میں کسی طرح کی رکاوٹ کو روکنے میں مدد مل سکے۔x

## Stocks

آج دوپہر کے کاروبار میں گھریلو حصص بازار تقریباً ایک اعشاریہ سات فیصد کی گراوٹ کے ساتھ کاروبار کر رہے تھے۔ آخری خبریں ملنے تک Sensex ایک ہزار 248 پوائنٹس کی گراوٹ کے ساتھ 74 ہزار 786 پوائنٹس پر جبکہ نفٹی 427 پوائنٹس کی گراوٹ کے ساتھ 23 ہزار 212 پر پہنچ گیا۔

دھات، آٹو اور کیمیکل حصص کی قیمتوں میں سب سے زیادہ کمی درج کی گئی۔x

## IMD

بھارت کے محکمہ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں کل موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ نے چھتیس گڑھ، ودربھ، پنجاب، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے کے مطابق اسی طرح کی صورتحال کلک مدھیہ مہاراشٹر، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، مراٹھواڑہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ اور راجستھان میں بھی رہے گی۔x

**PM Chile**

وزیر اعظم نریندر مودی نے Jose-Antonio-Kast کو چلی کے صدر کا عہد سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب مودی نے کہا کہ وہ، دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی غرض سے، صدر Kast کے ساتھ ملکر کام کرنے کے متمنی ہیں۔ وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، ٹیکنالوجی اور توانائی سمیت سبھی کلیدی شعبوں میں جاری اشتراک میں مزید اضافہ ہوگا۔ x

**WB Govt Employees Strike**

مغربی بنگال میں سنگرامی جَوتھا منچ، جَوتھا منچ اور سرکاری کرمچاری پریشد سمیت، ملازمین کی بہت سی تنظیموں نے آج ہڑتال کردی ہے۔ یہ ہڑتال ریاستی سرکار کے ملازمین کو، سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق زیر التوا مہنگائی بھتہ فوری طور پر ادا کرنے کے مطالبے کے سلسلے میں کی گئی ہے۔تنظیموں نے اِس ہڑتال میں اساتذہ، پنچایت اور میونسپل ملازمین کو بھی شامل کیا ہے۔ یہ احتجاج ریاستی سرکار کی طرف سے سپریم کورٹ میں مبینہ طور پر ایک درخواست داخل کرنے کے خلاف کیا جارہاہے، جس میں عدالت سے کہا گیا ہے کہ اِن ملازمین کو زیر التوا مہنگائی بھتے کی ادائیگی سے الگ رکھا جائے۔x

**MHA CFentral Assistance**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی نے آندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، گجرات، ہماچل پردیش، ناگالینڈ اور جموں وکشمیر کو مرکز کی طرف سے اضافی مدد کے طور پر ایک ہزار 912 کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم کی منظوری دے دی ہے۔ یہ ریاستیں، پچھلے سال سیلاب، اچانک سیلاب، بادَل پھٹنے، سمندری طوفان مونتھا اور مٹی کے تودے گرنے کے حادثات سے متاثر ہیں۔

وزارت داخلہ نے بتایا کہ کُل رقم میں سے 341 کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم، آندھراپردیش کیلئے، 15 کروڑ 70لاکھ روپئے کی رقم، چھتیس گڑھ کیلئے اور 676 کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم گجرات کیلئے منظور کی گئی ہے۔ہماچل پردیش کیلئے 288 کروڑ روپئے سے زیادہ، ناگالینڈ کیلئے 158 کروڑ روپئے سے زیادہ اور جموں وکشمیر کیلئے 330 کروڑ روپئے سے زیادہ کی منظوری دی گئی ہے۔x

**Pak Afghan**

پاکستان نے افغانستان کے کئی صوبوں پر تازہ فوجی حملے کئے ہیں، جن میں کابل، قندھار اور پکتیا شامل ہیں۔ جس کے نتیجے میں کئی شہری ہلاک ہوگئے۔ جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ یہ بات آج طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بتائی۔ حملوں کے سبب افغان–پاک سرحد پر کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ طالبان نے ان حملوں کو افغانستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پہلے کی جارحانہ حرکتوں اور جرائم کا انداز جاری رکھتے ہوئے، پاکستانی فوج نے افغانستان میں ایک بار پھر بمباری کی ہے۔x

**India US Narcotics**

بھارت اور امریکہ نے منشیات کی روک تھام میں تعاون کو مستحکم کرنے کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان قابل کارروائی معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ NCB کے ڈائریکٹر جنرل انوراگ گرگ اور امریکہ کی نیشنل ڈرگ کنٹرول پالیسی کی ڈائریکٹر Sara Carter آسٹریا کے شہر Vienna میں منشیات کے استعمال کی روک تھام سے متعلق اقوام متحدہ کمیشن کے 60ویں اجلاس کے موقع پر اپنے وفود کے ہمراہ ملاقات کی۔ دونوں فریقوں نے اپریل 2026 میں منشیات کے خلاف اقدامات کرنے سے متعلق امریکہ اور بھارت کے درمیان ورکنگ گروپ کی Pillar III میٹنگ بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔x

**Badminton**

ستوک سائیراج رینکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارت کی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی، آج 2026 سوئس اوپن سُپر 300 کے کوارٹر فائنل میں Christian Kjaer اور Rasmus Kjaer کی ڈنمارک کی جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔ ستوک سائیراج اور شیٹی کافی جد و جہد کے بعد کوارٹر فائنل میں پہنچے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆